DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 471

DATED 30.05 2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

***for* (Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 30 MAY 2026 Page No. 1


## کوئٹہ دھماکے میں ملوث تمام عناصر کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی، گورنر

**قومی اتحاد و یکجہتی کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، گفتگو، 28 مئی کو ملک کا دفاع ناقابل تسخیر ہوگیا، پیغام**

کوئٹہ (ج ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کوئٹہ میں چمن ریلوے پھاٹک کے قریب حالیہ خودکش دھماکے کی جگہ کا دورہ کرکے نقصانات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متاثرہ گھروں، گاڑیوں اور ماڈل پبلک اسکول کا معائنہ کیا اور متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کرکے انہیں حکومت کی جانب سے مکمل تعاون اور فوری ازالے کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، ایڈووکیٹ فرید خان افغان، چوہدری شبیر، عبدالفتح بھائی اور صبیب الرحمان خان بھی موجود تھے۔ گورنر نے سروے ٹیمیں کو ہدایت کی کہ متاثرین کی بحالی اور معاوضے کے اقدامات جلد مکمل کیے جائیں۔ بعدازاں گورنر بلوچستان نے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سلیم کھوسہ سے ٹیلیفونک رابطہ کرکے بحالی کے کام تیز کرنے پر زور دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ حکومت متاثرہ خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور دھماکے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

کوئٹہ (ج ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے عیدالاضحیٰ کی نماز گورنر ہاؤس کوئٹہ کی مسجد میں ادا کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر محمد خان لہڑی، ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان، صوبائی سیکرٹریز اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ نماز عید کے بعد امت مسلمہ کی ترقی، سلامتی اور اتحاد کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ بعدازاں گورنر بلوچستان نے ارکان پارلیمنٹ، سرکاری افسران اور شہریوں کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد دی اور چمن پھاٹک کوئٹہ میں دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے سیکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء نے وطن کے دفاع کیلئے عظیم قربانیاں دی ہیں اور موجودہ حالات میں قومی اتحاد و یکجہتی کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ یوم تکبیر کے حوالے سے اپنے پیغام میں جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ 28 مئی پاکستان کی تاریخ کا اہم دن ہے جب پاکستان ایٹمی طاقت بنا اور ملک کا دفاع ناقابل تسخیر ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو ملکی ترقی، خوشحالی اور پائیدار امن و سلامتی کیلئے اتحاد اور ہم آہنگی کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔


MASHRIQ QUETTA


## سانحہ چمن پھاٹک، ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچائینگے، گورنر

**کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں امن برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے حکومت پر عزم ہے، عوام تعاون کریں**

**جعفر مندوخیل کا زرک مندوخیل و دیگر کے ہمراہ جائے وقوعہ کا دورہ، متاثرین سے ملاقات، نقصان کے ازالے کی یقین دہانی**

کوئٹہ (ج ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں چمن ریلوے پھاٹک کے قریب حالیہ المناک خودکش دھماکے کی جگہ کا دورہ کیا اور دھماکے سے ہونے والے نقصانات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ وہ ذاتی طور پر گھر گھر جا کر رہائشی مکانات.....

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

گاڑیوں اور قریبی ماڈل پبلک سکول کو ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیا اور متاثرہ خاندانوں سے فرداً فرداً ملاقات کی۔ ان کے تحفظات سنے اور انہیں حکومت کی جانب سے مکمل تعاون اور فوری ازالہ کا یقین دلایا۔ گورنر مندوخیل نے سروے کمیٹی کے ذمہ داروں کو خصوصی ہدایت کی کہ وہ بلاتاخیر تمام متاثرین کیلئے فوری ازالہ اور بحالی کے اقدامات کو یقینی بنائیں۔ اس موقع پر ایم پی اے زرک خان مندوخیل، ایڈووکیٹ فرید خان افغان، چوہدری شبیر، عبدالفتح بھائی اور حبیب الرحمان خان بھی انکے ہمراہ تھے۔ بعدازاں گورنر بلوچستان نے صوبائی وزیر برائے مواصلات و تعمیرات سلیم کھوسہ سے بھی ٹیلیفونک رابطہ کیا اور متاثرہ علاقے میں بحالی اور تعمیر نو کی کوششوں کو تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ گورنر مندوخیل نے حکومت کی جانب سے دھماکے سے متاثر ہونے والے گھروں اور گاڑیوں کو پہنچنے والے نقصانات کا تخمینہ لگانے کیلئے خصوصی سروے کمیٹی کی تشکیل کے اقدام کو سراہا اور اس کے قیام کو متاثرین کیلئے منصفانہ معاوضے کو یقینی بنانے کی جانب ایک مثبت اور بروقت اقدام قرار دیا۔ اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر جعفر خان نے کہا کہ جب یہ افسوسناک واقعہ پیش آیا تو میں ملک سے باہر تھا، آج ذاتی طور پر نقصانات کا جائزہ لینے، تمام سوگوار خاندانوں سے اظہار یکجہتی کرنے اور انہیں یقین دلانے کیلئے آیا ہوں کہ ہم اس مشکل وقت میں آپ کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

3



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی عید الاضحیٰ کے موقع پر سانحہ چمن پھاٹک کے متاثرین سے یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 54 | ہفتہ 13 ذوالحجہ 1447ھ 30 مئی 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 323

رجسٹرڈ نمبر BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


# سانحہ چمن پھاٹک، شہداء کے ورثا کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، وزیر اعلیٰ

## سانحہ چمن پھاٹک کے پیش نظر حکومت نے عید سادگی سے منانے کا اعلان کیا، گفتگو

### سرفراز بگٹی سمیت اعلیٰ حکومتی، عسکری شخصیات نے سی ایم سیکرٹریٹ میں نماز عید ادا کی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید الاضحیٰ کے موقع پر چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں نماز عید ادا کی اس موقع پر صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بھی وزیر اعلیٰ کے ہمراہ موجود تھے نماز عید کے بعد ملک کی سلامتی، قومی یکجہتی، بلوچستان کی ترقی، دہشت گردی کے خاتمے اور امت مسلمہ کے اتحاد و خوشحالی کیلئے ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

خصوصی دعائیں مانگی گئیں سانحہ کوئٹہ میں جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور متاثرہ خاندانوں کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی گئی نماز عید کی ادائیگی کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عیدگاہ میں شہریوں، عمائدین، منتخب نمائندوں اور سرکاری حکام سے عید ملی اور انہیں عید الاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عید الاضحیٰ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی عظیم قربانی کی یاد دلاتی ہے اور ہمیں قربانی، ایثار، صبر، اتحاد اور جذبہ اخوت کا درس دیتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اپنے خصوصی عید پیغام میں اہل وطن بالخصوص اہلیان بلوچستان کو عید الاضحیٰ کی دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں ہمیں اتحاد، باہمی احترام، ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کوئٹہ کے تناظر میں حکومت بلوچستان نے عید الاضحیٰ سادگی سے منانے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک رہا جاسکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کوئٹہ میں پیش آنے والا دہشت گردی کا افسوسناک واقعہ پوری قوم کیلئے انتہائی تکلیف دہ ہے، بلوچستان کے عوام اور حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ثابت قدم ہیں۔

# موجودہ حالات میں قومی یکجہتی وقت کی ضرورت ہے، وزیر اعلیٰ

## سانحہ چمن پھاٹک کے پیش نظر حکومت نے عید سادگی سے منانے کا اعلان کیا، گفتگو

### سرفراز بگٹی سمیت اعلیٰ حکومتی و عسکری شخصیات نے سی ایم سیکرٹریٹ میں نماز عید ادا کی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید الاضحیٰ کے موقع پر چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں نماز عید ادا کی اس موقع پر صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بھی وزیر اعلیٰ کے ہمراہ موجود تھے نماز عید کے بعد ملک کی سلامتی، قومی یکجہتی، بلوچستان کی ترقی، دہشت گردی کے ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

خاتمے اور امت مسلمہ کے اتحاد و خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں سانحہ کوئٹہ میں جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور متاثرہ خاندانوں کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی گئی نماز عید کی ادائیگی کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عیدگاہ میں شہریوں، عمائدین، منتخب نمائندوں اور سرکاری حکام سے عید ملی اور انہیں عید الاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عید الاضحیٰ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی عظیم قربانی کی یاد دلاتی ہے اور ہمیں قربانی، ایثار، صبر، اتحاد اور جذبہ اخوت کا درس دیتی ہے

# وطن کیلئے جانیں قربان کرنیوالے قوم کا فخر ہیں، سرفراز بگٹی

## حکومت بلوچستان متاثرہ خاندانوں کی مکمل سرپرستی کریگی، وزیر اعلیٰ

### پیرکوہ میں ایف سی شہداء کے لواحقین کو سرکاری ملازمت دینے کا اعلان

ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی عید الاضحیٰ کے دوسرے روز پیرکوہ پہنچے جہاں انہوں نے ایف سی کے شہداء اختر علی اور محمد خان کے لواحقین سے ملاقات کی، فاتحہ خوانی کی اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے ہمراہ ہوئے ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہید کی تصویر کو بوسہ دیتے ہوئے کہا کہ وطن کے دفاع اور قیام امن کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوت پوری قوم کا فخر ہیں انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور ان کی لازوال خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی خدمات قابل تحسین ہیں اور پوری قوم ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے لواحقین کے لیے ایک ایک سرکاری ملازمت دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ خاندانوں کی مکمل سرپرستی کرے گی اور انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ شہداء کے بچوں کی تعلیم، علاج معالجہ کی کفالت اور دیگر ضروریات کے لیے حکومت ہر ممکن اقدامات کرے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں امن و امان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر
جلد 29 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | MEMBER'OF APNS | شمارہ 95
ہفتہ 30 مئی 2026ء | 13 ذوالحج | 1447ھ | رجسٹرڈ ایل سی بی-10

# را اور پراکسیز بلوچستان میں سرگرم ہیں، کبھی طاقت کا اندھا دھند استعمال نہیں کیا، سرفراز بگٹی

## دہشت گردی کے افسوسناک واقعات میں شہید ہونے والے افراد پوری قوم کے ہیرو اور ہم مقدس خون کے مقروض ہیں، فورسز کی کارروائیوں میں 10 سے 12 دہشتگرد مارے گئے

## بعض عناصر ریاست پاکستان کے خلاف منظم پروپیگنڈا مہم چلاتے ہیں موجودہ حالات میں ہمیں اتحاد، باہمی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ عوام کی صفوں میں بیٹھ کر تشدد، نفرت اور انتشار کی حوصلہ افزائی کرنے والے عناصر کالعدم تنظیموں سے زیادہ خطرناک ہیں حکومت اور بلوچستان کے عوام چمن پھاٹک سانحہ کے متاثرہ خاندانوں کی اس غم کی گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے شہداء پوری قوم کے ہیرو ہیں ہم شہداء کے مقدس خون کے مقروض ہیں جنہوں نے عوام اور وطن کی سلامتی کیلئے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کیا گزشتہ دو دہائیوں سے بلوچستان میں دہشتگردی اور بدامنی کے متعدد واقعات کا سامنا کیا ہے صوبے میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن جاری ہیں سیکورٹی فورسز نے 12 دہشتگردوں کو ہلاک کیا ہے صوبے میں کبھی بھی طاقت کا اندھا استعمال نہیں ہوا ان خیالات کا اظہار انہوں نے عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی کے فوراً بعد سانحہ چمن پھاٹک کے متاثرین کے گھروں کا دورہ کیا اور متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کرکے ان سے دلی ہمدردی اور اظہار یکجہتی کیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، وزیر اعلیٰ کے معاون میڈیا امور شاہد رند سمیت دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے متاثرین اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اور بلوچستان کے عوام اس غم کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا دہشت گردی کے ان افسوسناک واقعات میں شہید ہونے والے افراد پوری قوم کے ہیرو ہیں اور ہم اپنے شہدا کے مقدس خون کے مقروض ہیں جنہوں نے عوام اور وطن کی سلامتی کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا میر سرفراز بگٹی نے یقین دہانی کرائی کہ سانحہ چمن پھاٹک کے متاثرین کے نقصانات کا مکمل ازالہ کیا جائے گا اور حکومت متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن معاونت جاری رکھے گی بلوچستان نے گزشتہ دو دہائیوں کے دوران دہشت گردی اور بدامنی کے متعدد واقعات کا سامنا کیا ہے 2002 کے بعد صوبے کے حالات خراب ہوئے اور جسٹس نواز مری کے قتل سمیت مختلف سانحات نے بلوچستان کے امن و استحکام کو متاثر کیا، تاہم تمام تر حالات کے باوجود بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ حوصلے، صبر اور استقامت کا مظاہرہ کیا آج پاکستان اور بلوچستان ترقی، استحکام اور بہتری کی جانب گامزن ہے اور عالمی سطح پر بھی پاکستان کا کردار مزید مضبوط اور موثر انداز میں سامنے آرہا ہے عالمی معاملات، خصوصاً ایران تنازعہ کے حل میں پاکستان ذمہ دارانہ اور کلیدی کردار ادا کر رہا ہے جبکہ سیاسی و عسکری قیادت کی فہم و فراست نے پاکستان کا نام عالمی سطح پر اجاگر کیا ہے

# اختر مینگل کا گاڑی ڈرائیو کرنا تاریخی باب ہے، وزیر اعلیٰ

## دہشتگردوں کو شہدا کے مقدس خون کی قیمت ہر صورت چکانا پڑے گی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم تکبیر کے حوالے سے جاری کردہ اپنے پیغام میں پوری قوم کو یوم تکبیر کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 28 مئی ہمیں یاد دلاتا ہے کہ حکومت، پاک افواج اور پوری قوم نے طاقتور قوتوں کے سامنے نہ جھکنے کا تاریخی اور دلیرانہ فیصلہ کیا پاکستان کو جب بھی ضرورت پڑی بلوچستان نے ہمیشہ اپنا سینہ وطن کے دفاع کے لیے پیش کیا۔ چاغی بلوچستان میں ہونے والے ایٹمی دھماکے پوری قوم کے عزم، خودداری اور دفاعی قوت کی علامت ہیں اس وقت کے وزیر اعلیٰ سردار اختر مینگل کا وزیر اعظم کی گاڑی ڈرائیو کرتے ہوئے چاغی کے اس مقام تک جانا تاریخ کا اہم باب ہے یہ عمل پوری دنیا کے لیے واضح پیغام تھا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان کے دفاع اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کیا یوم تکبیر صرف قومی دفاع کی یاد نہیں بلکہ تجدید عہد اور قومی یکجہتی کا دن بھی ہے آئیے آج کے دن افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہو کر ملک کے خلاف ہونے والی اندرونی و بیرونی سازشوں کا بھرپور مقابلہ کرنے کا عہد کریں، دہشتگردوں کو شہدا کے مقدس خون کی قیمت ہر صورت چکانا پڑے گی انہوں نے کہا کہ شہدا کے مقدس خون کے صدقے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ بلوچستان اور پورے پاکستان میں دائمی امن قائم ہو۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سانحہ چمن پھاٹک کے متاثرین سے یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIREC... GENERA... RELATIONS...

نظامت اعلیٰ ... حکومت ب...

Bullet No. 1

Page No. 7

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حید ر امین

جلد 81 — ہفتہ 30 مئی 2026ء، 13 ذوالحجہ 1447ھ — صفحات 6 — قیمت 20 روپے — شمارہ 147

# صوبے میں امن و امان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

دہشت گرد عناصر کیخلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، حکومت اور سیکیورٹی ادارے، دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے متحد اور پُرعزم ہیں

آج پاکستان اور بلوچستان ترقی، استحکام اور بہتری کی جانب گامزن ہیں اور عالمی سطح پر بھی پاکستان کا کردار مزید مضبوط اور مؤثر انداز میں سامنے آ رہا ہے

پیرکوہ، کوئٹہ (خ ن، آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی عید الاضحی کے دوسرے روز پیرکوہ پہنچے جہاں انہوں نے ایف سی کے شہداء اختر علی اور عیدو خان کے اہلخانہ سے ملاقات کی، فاتحہ خوانی کی اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کے صبر و حوصلے کو خراج تحسین پیش کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہید کی تصویر کو بوسہ دیتے ہوئے کہا کہ وطن کے دفاع اور قیام امن کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوت پوری قوم کا فخر ہیں انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور ان کی لازوال خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی خدمات قابل تحسین ہیں اور پوری قوم ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے بھائیوں کے لیے ایک ایک سرکاری ملازمت دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ خاندانوں کی مکمل سرپرستی کرے گی اور انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ شہداء کے بچوں کی تعلیم، اہلخانہ کی کفالت اور دیگر ضروریات کے لیے حکومت ہر ممکن اقدامات کرے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں امن و امان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت اور سیکیورٹی ادارے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے متحد اور پُرعزم ہیں دورہ پیرکوہ کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وڈیرہ حاصل خان بگٹی کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی بھی کی وزیر اعلیٰ نے مرحوم کی قبائلی و سماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی اور اہلخانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی پیرکوہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وڈیرہ ہزار محمد بگٹی کی جانب سے دیے گئے ظہرانے میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر عمائدین، قبائلی شخصیات اور مقامی معتبرین بھی موجود تھے۔ وڈیرہ ہزار محمد بگٹی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی اپنی رہائش گاہ آمد پر علاقائی روایات کے مطابق انہیں بلوچی دستار پہنائی جبکہ وزیر اعلیٰ نے علاقائی روایات اور مہمان نوازی کو سراہتے ہوئے مقامی عمائدین سے مختلف امور پر تبادلہ خیال بھی کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوامی مسائل کے حل، امن کے قیام اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لیے تمام طبقات کو ساتھ لے کر آگے بڑھ رہی ہے اور بلوچستان کے عوام کی خدمت کا سفر پوری سنجیدگی اور عزم کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔ دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید الضحیٰ کی نماز کی ادائیگی کے فوراً بعد سانحہ چمن پھاٹک کے متاثرین کے گھروں کا دورہ کیا اور متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کر کے ان سے دلی ہمدردی اور اظہار یکجہتی کیا اس موقع پر صوبائی وزراء، منتخب عوامی نمائندے اور اعلیٰ حکام بھی وزیر اعلیٰ کے ہمراہ موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اور بلوچستان کے عوام اس غم کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1471 QUETTA Saturday May 30, 2026 / Dhu'l-Hijjah 13, 1447 Rs: 30

# Bugti warns hate-mongers more dangerous than banned outfits

**Staff Report**

QUETTA: Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti on Eid-ul-Adha said elements promoting violence, hatred and chaos from within society were more dangerous than banned militant organizations, as he called for unity and collective efforts to maintain peace and stability in the province.

The chief minister made the remarks after offering Eid-ul-Adha prayers and visiting the homes of families affected by the recent Chaman Phatak tragedy in Quetta, where he met victims' relatives and expressed sympathy and solidarity with them.

Provincial ministers, elected public representatives and senior government officials accompanied the chief minister during the visit.

Talking to the affected families, Bugti said the government and people of Balochistan stood firmly with them in their time of grief and assured that they would not be left alone under any circumstances.

"The people martyred in these tragic incidents of terrorism are heroes of the entire nation and we are indebted to the sacred blood of our martyrs who sacrificed their lives for the protection of peace and stability," he said.The chief minister stated that terrorism remained the biggest challenge facing the province and stressed that all institutions were fully mobilized to eliminate threats to peace and protect citizens' lives and property."Elements that encourage violence, hatred and chaos by sitting within the ranks of the people are more dangerous than banned organizations," Bugti said, adding that such forces were attempting to weaken social harmony and create instability in society.He urged religious scholars, tribal elders, political leaders and citizens to play their role in promoting tolerance, brotherhood and national unity, particularly during Eid celebrations. Earlier, members of the Provincial Assembly, senior government officials, tribal elders, political and social figures and people from different walks of life met the chief minister in Quetta and conveyed Eid greetings and best wishes to him.During the meetings, participants expressed confidence in Bugti's leadership and appreciated the provincial government's efforts for peace, development and public welfare in Balochistan.A detailed discussion was also held regarding the province's overall situation, law and order, ongoing development projects and measures aimed at resolving public issues.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ۲ Dated: 30 MAY 2026 Page No. 16

## عیدالاضحی ہمیں قربانی و محبت کا درس دیتی ہے، بابا غلام رسول عمرانی

### محنت کش طبقے کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے، عید کی مبارکباد دینے والوں سے گفتگو

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت عمرانی قبیلے کے سربراہ و چیف سردار بابا غلام رسول عمرانی سے عیدالاضحی کے پرمسرت موقع پر عید کے تین روز سینکڑوں نوجوانوں بزرگوں قبائلی عمائدین اور شہریوں کی بڑی تعداد میں ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہا، عید کے دنوں میں سینکڑوں افراد نے بابا ہاؤس پہنچ کر انہیں عید کی مبارکباد پیش کی......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

اس موقع پر سیاسی، سماجی، قبائلی شخصیات، معززین علاقہ، کارکنان، نوجوانوں اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد موجود تھی۔ بابا ہاؤس پر عید ملن کا ماحول دیدنی رہا جہاں آنے والے مہمانوں کی پرتکلف تواضع بھی کی گئی۔

## ملک و قوم کی ترقی کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، صادق عمرانی

[illegible]

### عید کے موقع پر ہم اپنی خوشیوں میں نادار رشتہ داروں اور ہمسایوں کو بھی ضرور شامل کریں، پیغام

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے عیدالاضحی کے مبارک دن کے موقع پر تمام اہلیان وطن کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک تہنیتی پیغام میں صوبائی وزیر کا کہنا ہے کہ عیدالاضحی کا دن ہمیں اخوت، ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے یہ دن ہمیں پیغام دیتا ہے کہ ہم قربانی اور رواداری کے جذبے سے سرشار ہو کر ملک، قوم اور ملت کی......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ترقی و خوشحالی کی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ گزشتہ دنوں کوئٹہ شہر میں رونما ہونے والے دہشت گردی کے واقعہ نے پورے ملک اور خصوصاً بلوچستان کے عوام کو دلی صدمہ پہنچا اور اس واقعہ میں لوگوں کی قیمتی جانوں کے نقصان کے ساتھ ساتھ مالی نقصانات بھی ہوئے، عید کے موقع پر ہم اپنی خوشیوں میں اپنے نادار رشتہ دار اور ہمسایوں کو بھی ضرور شامل کریں تاکہ وہ بھی ان مبارک ایام کو خوشی اور سکون سے گزار سکیں، انہوں نے عید کے ان مبارک لمحات میں امسال حج کرنے کی سعادت حاصل کرنے والے حجاج کو بھی مبارکباد پیش کی ہے۔

## نصیرآباد اور صحبت پور میں سلیم کھوسہ کی قیادت میں یوم تکبیر پر ریلیاں

[illegible]

### پاکستان اپنی خودمختاری اور سلامتی پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرے گا، صوبائی وزیر کا ریلیوں سے خطاب

نصیرآباد، صحبت پور (نمائندہ مشرق) 28 مئی یوم تکبیر کے حوالے سے صوبائی وزیر و پارلیمانی لیڈر میر سلیم احمد کھوسہ کی قیادت میں کھوسہ ہاؤس صحبت پور سے ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی ریلی میں حاجی علی احمد کھوسہ میر سرفراز احمد کھوسہ میر حیدر علی خان کھوسہ تگری عبدالرحمن پرکانی میاں محمد حسین گولہ صفی اللہ خان کھوسہ سمیت سیاسی و سماجی شخصیات......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

علاقائی معتبرین، نوجوانوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی 28 مئی یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا وہ عظیم دن ہے جب سابق وزیراعظم میاں نواز شریف کی قیادت میں پاکستان نے کامیاب ایٹمی دھماکے کر کے اسلامی دنیا کی پہلی ایٹمی طاقت ہونے کا اعزاز حاصل کیا اس تاریخی فیصلے نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا اور دشمن قوتوں کو واضح پیغام دیا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور سلامتی پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرے گا صحبت پور میں یوم تکبیر کے موقع پر نکالی جانے والی ریلی کے شرکاء نے پاکستان زندہ باد پاک فوج زندہ باد اور یوم تکبیر زندہ باد" کے فلک شگاف نعرے لگائے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 30 MAY 2026 Page No. 11

## پارٹی نے ہمیشہ عوامی خدمت کیلئے عملی اقدامات کئے، علی مددجتک

[illegible]

## صوبائی وزیر ... کا دہشتگرد تنظیموں کے خلاف لشکر بنانے کا اعلان

[illegible]

## عوام کی خدمت، ترقی اور خوشحالی اولین ترجیح ہے، ضیاء لانگو

**بی اے پی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ورکرز گھر گھر پارٹی کا پیغام پہنچائیں، گفتگو**

قلات (ن ن) صوبائی وزیر داخلہ اور بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ پارٹی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ورکرز گھر گھر پارٹی کا پیغام پہنچائیں تاکہ مثبت سیاست کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ بات انہوں نے قلات میں پارٹی کے ... [illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 30 MAY 2026 Page No. 12


بلوچستان کے عوام، ادارے اور مسلح افواج متحد

# دشمن قوتیں اور ان کے سہولت کار کبھی کامیاب نہیں ہونگے، فیلڈ مارشل

پاک فوج ہر قسم کے خطرات اور دشمن عناصر کے مذموم عزائم کیخلاف وطن کا دفاع جاری رکھے گی، جنرل عاصم منیر کا دورہ ژوب، جوانوں کیساتھ عید منائی

ژوب (آن لائن) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاک فوج ہر قسم کے خطرات اور دشمن عناصر مذموم عزائم کے خلاف پوری قوعت اور جذبے کے ساتھ وطن کا دفاع جاری رکھے گی کوئٹہ میں دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دشمن قوتیں اور انکے سہولت کار پاکستان کے امن کو نقصان پہنچانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے بلوچستان کے عوام قانون نافذ کرنے والے ادارے اور مسلح پاک افواج دہشت گردی کے خاتمے کیلئے متحد ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے عیدالاضحیٰ کے روز دورہ ژوب کے موقع پر فرنٹ لائن جوانوں کے ساتھ عیدالاضحیٰ مناتے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر بلوچستان کے سرحدی ضلع ژوب کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مغربی سرحدوں پر تعینات پاک فوج کے افسران اور جوانوں کے ساتھ عید منائی۔ دورے کے آغاز پر عید کی نماز ادا کی گئی جبکہ پاکستان کے امن، استحکام اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ اس موقع پر وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو بھی خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جوانوں سے ملاقات کرتے ہوئے ان کے بلند حوصلے، غیر متزلزل عزم اور دہشت گردی کے خلاف پیشہ ورانہ تیاری کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج ہر قسم کے خطرات اور دشمن عناصر کے مذموم عزائم کے خلاف پوری قوت اور جذبے کے ساتھ وطن کا دفاع جاری رکھے گی۔ انہوں نے کوئٹہ میں حالیہ دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دشمن قوتیں اور ان کے سہولت کار پاکستان کے امن کو نقصان پہنچانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور مسلح افواج دہشت گردی کے خاتمے کے لیے متحد ہیں۔ فیلڈ مارشل نے یادگارِ شہدا پر پھولوں کی چادر بھی چڑھائی اور مادرِ وطن کے دفاع میں شہادت پانے والے بہادر جوانوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ دورے کے موقع پر کور کمانڈر بلوچستان اور ژوب ملیشیا کے بریگیڈیئر کمانڈنٹ بھی ان کے ہمراہ تھے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 30 MAY 2026 Page No. 14


## پشتونوں کے جذبات ابھارنے والوں کو سنگین مسائل کا ادراک نہیں، ANP

**پشتون بلوچ نفرت پھیلانے والے ناکام ہوں گے**

**انتہا پسندی پشتون معاشرے کی پیداوار نہیں، سانحہ شاہرگ میں ملوث عناصر کو بے نقاب کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے، جلسے سے اصغر اچکزئی و دیگر کا خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ انتہا پسندی پشتون معاشرے کی پیداوار نہیں بلکہ عدم تشدد، جمہوری مزاحمت اور فکرِ باچاخان پشتون قومی تحریک کی اصل میراث ہے، جس پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ آئین کی حکمرانی، پارلیمان کی بالادستی اور اٹھارویں ترمیم چھوٹے صوبوں کے حقوق، وسائل، ثقافت اور ترقی کی ضمانت ہیں، اس لئے اسے رول بیک کرنے کی ہر کوشش کی مخالفت کی جائے گی۔ پشتونوں کے جذبات ابھارنے والے پشتونوں کو درپیش سنگین مسائل کے حل کا ادراک نہیں رکھتے، یہ بات اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، صوبائی پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی، داؤد خان ایڈووکیٹ، مابت کاکا، عبیداللہ عابد، جاوید کاکڑ اور دیگر رہنماؤں نے باچاخان مرکز برمہ گلی پیر علیزئی میں پارٹی کے سابق صوبائی صدر کاکاجی ملک غلام سرور خان اچکزئی کی 20 ویں برسی کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ مقررین نے کہا کہ پشتونخوا بلوچستان میں انتہا پسندی اور دہشت گردی کو سوچے سمجھے منصوبے کے تحت فروغ دیا جا رہا ہے تاکہ سیاست کو بدنام اور غیر سیاسی ماحول کو مسلط کیا جا سکے۔ انہوں نے سانحہ شاہرگ میں ملوث عناصر کو بے نقاب کر کے کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ بھی کیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ اضلاع اور ڈویژنوں کی تشکیل کے نام پر پشتونوں کی نمائندگی اور وسائل پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اے این پی زئی اور خیلی کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ فخر افغان باچاخان کے فلسفہ، برداشت، رواداری اور قومی یکجہتی کے فروغ کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔ مقررین کے مطابق پشتون اور بلوچ برادر اقوام ہیں اور دونوں کے درمیان نفرت پھیلانے والے عناصر ہمیشہ ناکام ہوں گے۔ رہنماؤں نے کہا کہ کاکاجی ملک غلام سرور خان اچکزئی پوری زندگی فکر باچاخان، جمہوری سیاست، برداشت اور بھائی چارے کے داعی رہے۔ انہوں نے قید و بند اور مشکلات کے باوجود اپنی جدوجہد جاری رکھی اور پشتون قومی تحریک سے کبھی پیچھے نہیں ہٹے۔ مقررین نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی آج صوبے میں ایک منظم اور فعال سیاسی قوت کے طور پر موجود ہے اور پارلیمان کے اندر اور باہر پشتونوں کے حقوق کیلئے آواز بلند کرتی رہے گی۔ اجتماع کے اختتام پر کاکاجی ملک غلام سرور خان اچکزئی سمیت پشتون قومی تحریک کے تمام شہداء اور اکابرین کیلئے دعائے مغفرت کی گئی جبکہ شرکاء میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔

## بعض عناصر صالح خاندان کو تنازع میں دھکیلنے کی کوشش کر رہے ہیں، نیشنل پارٹی

**مقتول محمد بخش سے رحمت بلوچ یا انکے خاندان کا تعلق، ذاتی دشمنی یا سیاسی تنازع نہیں تھا، ترجمان**

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے بسیمہ میں محمد بخش کے قتل کے بعد سوشل میڈیا پر اس واقعے کو پارٹی رہنما اور رکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کے بھائی کی شہادت سے جوڑنے کی کوششوں کو بے بنیاد، گمراہ کن اور منظم سازش قرار دیتے ہوئے سختی سے مسترد کر دیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بعض عناصر دانستہ طور پر صالح خاندان کو متنازع بنانے اور انہیں نئے تنازعے میں دھکیلنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ میر رحمت صالح بلوچ یا ان کے خاندان کا مقتول محمد بخش سے کوئی تعلق، ذاتی دشمنی یا سیاسی تنازع نہیں تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ بعض سوشل میڈیا پیجز اور نام نہاد نیوز چینلز نے بغیر تصدیق جھوٹا تاثر دیا کہ بسیمہ میں قتل ہونے والا شخص شہید ولید صالح بلوچ کے قتل میں ملوث تھا، حالانکہ یہ دعویٰ سراسر بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہے۔ ترجمان کے مطابق شہید ولید صالح بلوچ کے قتل کو سات ماہ گزرنے کے باوجود خاندان نے کسی فرد یا گروہ پر الزام عائد نہیں کیا۔ نیشنل پارٹی نے کہا کہ جھوٹی خبریں پھیلانے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس اور پیجز کی نشاندہی کر لی گئی ہے اور ان کے خلاف قانونی کارروائی بھی کی جا سکتی ہے۔ ترجمان نے زور دیا کہ آزادی اظہارِ رائے کی آڑ میں کسی خاندان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔


MASHRIQ QUETTA


## اسلام آباد بلوچستان کے حوالے سے کوئی فیصلہ نہ کرے، مولانا ہدایت الرحمن

**اسلام آباد ہمارے وسائل، زمینوں، قبائل اور ہماری سیاست پر فیصلے کرنا چھوڑ دے، صوبائی امیر جماعت اسلامی**

**بلوچستان کے نوجوان صوبے کی ترقی خوشحالی اور یہاں سے ظلم و جبر کے خاتمے کیلئے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں، رکن صوبائی اسمبلی**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ اسلام آباد میں بیٹھ کر ہمارے وسائل، ہماری زمینوں، ہمارے قبائل اور ہماری سیاست کے فیصلے کرنا بند کرو، ہم اپنے فیصلے خود کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں تو پھر ہمارے مستقبل پر تمہارا اختیار کیوں؟ بلوچستان کوئی کالونی نہیں نہ یہاں کے لوگ کیڑے مکوڑے ہیں یہ باوقار غیرت مند لوگوں محنتی نوجوانوں کی سرزمین ہے۔ حقوق دیں رہنمائی کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے عید کے موقع ملنے والے وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں .......... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر


کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگوں نوجوانوں کو لسانیت فرقہ واریت نے کچھ نہیں دیا وقت صلاحیت ضائع کر کے ایک دوسرے کے خلاف کیا فرقہ پرستی و قوم پرستی اور لسانیت کے نعروں نے آپ کو کیا دیا؟ محرومیاں، بے روزگاری اور تقسیم کی سوا کچھ نہیں ملا۔ اب وقت ہے خدمت، دیانت اور حقیقی قیادت کا۔ نوجوانوں آگے بڑھ کر جماعت اسلامی کا ساتھ دیں اس ظالمانہ نظام کو بدلنے کیلئے ہمارا ساتھ دیں حقوق کے حصول ترقی و خوشحالی کیلئے نفرت ظلم و جبر لاقانونیت کے خاتمے کیلئے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں جماعت اسلامی کی ممبر شپ حاصل کریں تاکہ سب ملکر ظلم و زیادتیوں کے خلاف منظم جدوجہد کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا بچہ بھی یورپ میں پڑھنے والے حکمرانوں کے بچوں کا مقابلہ کرے گا بس اسے مواقع اور سہولیات دینے کی ضرورت ہے۔ الحمدللہ امیر جماعت اسلامی پاکستان انجینئر حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں بنو قابل پروگرام اپنی مدد آپ کے تحت نوجوانوں کو ہنر مند اور باصلاحیت بنانے کے لئے کام کر رہا ہے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 30 MAY 2026 Page No. 15

Bullet No. 5


## نصیرآباد: نامعلوم افراد بجلی کے 2ٹاورز کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیئے

### واقعہ گزشتہ شب پیش آیا دونوں ٹاورز ٹکڑے ٹکڑے ہوکر زمین بوس ہو گئے: پولیس

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد نامعلوم مسلح تخریب کاروں نے دھماکہ خیز مواد سے بجلی کے 220 کے وی کے دو ٹاورز کو اڑا دیا گیا سندھ اور پنجاب بجلی کی سپلائی متاثر پولیس کے مطابق نصیرآباد ڈیرہ مراد جمالی کے قریب میر حسن پولیس تھانے کی حدود گوٹھ سید عبداللہ شاہ کے مقام پر اوچ پاور پلانٹ سے سندھ شکارپور جانے والی بجلی ہائی ٹرانسمیشن سسٹم بجلی کے 220 کے وی کے دو ٹاورز کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے دونوں ٹاورز کے ٹکڑے......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ٹکڑے ہوکر زمین بوس ہو گئے یہ واقعہ گزشتہ شب پیش آیا واقعہ کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ گئے اور علاقے کا گھیراؤ کر کے مزید تحقیقات شروع کردی گئی این ٹی ڈی سی کی ٹیمیں جائے وقوع پر پہنچ گئیں جن کا کہنا ہے کہ ٹاورز کے تباہ ہونے سے سندھ اور پنجاب کے متعدد علاقے بجلی سپلائی سے متاثر ہو سکتے ہیں سخت سیکورٹی میں مرمت اور بحالی کا کام شروع کر دیا گیا۔

## چاغی: نجی موبائل کمپنی کا ٹاور و مشینری نذر آتش

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چاغی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے نجی کمپنی کے موبائل ٹاور کی مشینری کو نذر آتش کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چاغی کے علاقے لشکرآب میں نامعلوم افراد نے نجی کمپنی کے موبائل ٹاور کو آگ لگادی جس سے اس کی مشینری جل ......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

کر خاکستر ہو گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

## ڈیرہ بگٹی، ٹھیکیدار کے مہمان خانے پر دستی بم حملہ، 2افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی میں مقامی ٹھیکیدار کے مہمان خانے پر مسلح افراد کا دستی بم سے حملہ دو افراد زخمی حملہ آور فرار ہو گئے پولیس کے مطابق عید کے روز ڈیرہ بگٹی سوئی میں مقامی ٹھیکیدار امان اللہ کے مہمان....... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

خانے پر نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے دستی بم پھینک دیا جس سے زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں دو افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں جبکہ واقعے کے بعد پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کر کے مزید تحقیقات شروع کردی گئی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 30 MAY 2026

Page No.

Bullet No.


## عیدالاضحیٰ کے موقع پر کوئٹہ میں طویل لوڈشیڈنگ جاری رہی

**سخت گرمی کے باعث بوڑھوں، خواتین اور بچوں کو مشکلات کا سامنا، نوٹس لیا جائے، شہری**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عیدالاضحیٰ کے موقع پر کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری رہی، جس کے باعث شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جبکہ شہر کے علاوہ اس کے گردونواح میں بھی غیر اعلانیہ بجلی کی بندش جاری رہی، اس شدید اور سخت گرمی کے باعث بوڑھوں، خواتین اور بچوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ عید کے دنوں کے علاوہ بھی واپڈا احکام مرمت کے نام پر کئی کئی گھنٹے بجلی بند رکھنا معمول ہے جس کے باعث کاروباری زندگی بھی متاثر ہو رہی ہے مگر کیسکو حکام پر جوں تک نہیں رینگتی، انہوں نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں جاری طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شدید گرمی میں کیسکو حکام کی نااہلی، غفلت اور غیر ذمہ دارانہ طرز عمل نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے متعدد علاقے کئی کئی گھنٹوں تک بجلی سے محروم رہتے ہیں جس کے باعث عوام شدید اذیت کا شکار ہیں۔ خصوصاً عیدالاضحیٰ کے موقع پر بجلی کی مسلسل بندش نے گھریلو صارفین تاجروں اور کاروباری طبقے کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے شہریوں نے مطالبہ کیا کہ صورتحال کا نوٹس لیا جائے۔

## گرمی کی شدت میں اضافہ، موسمی امراض پھیلنے کا خطرہ

**گرم موسم میں پانی اور ٹھنڈی تاثیر رکھنے والی خوردنی اشیاء استعمال کی جائیں، طبی ماہرین**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی موسمی امراض پھیلنے کا خطرہ موسم کے اثرات سے خود کو بچانا بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ موسمی امراض تیزی سے پھیل رہے ہیں گرم موسم میں پانی اور ٹھنڈی تاثیر رکھنے والی خوردنی اشیاء استعمال کی جائیں طبی ماہرین نے بتایا کہ گرمی کی حدت کو کم کرنے کیلئے تربوز انتہائی مفید پھل ہے تربوز میں نوے فیصد پانی ہوتا ہے اور یہ انسانی جسم کو پانی کی کمی کا شکار نہیں ہونے دیتا اس کے علاوہ دہی کا زیادہ سے زیادہ استعمال بھی مفید ہے جبکہ لیمو بھی ٹھنڈی تاثیر رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ پھلوں کے علاوہ سبزیوں میں ٹھنڈی تاثیر رکھنے والی سبزیوں کا بھی استعمال کرنا چاہیے جن میں گاجر، کھیرا، سلاد، پودینہ شامل ہیں طبی ماہرین نے بتایا کہ گرم موسم میں موسمی امراض تیزی سے پھیلتے ہیں انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ غیر معیاری مشروبات آئس کریم کے استعمال سے اجتناب کریں۔

## تربت: گرین بس اسٹاپس پر سہولیات کی فراہمی کا مطالبہ

تربت (نامہ نگار) شدید گرمی کے باوجود تربت میں گرین بس سروس کے مختلف اسٹاپس پر بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے عوامی حلقوں کے مطابق گرین بس سروس کے لیے قائم بیشتر اسٹاپس پر مسافروں کے لیے سائے کا انتظام نہیں جس کے باعث خواتین، بزرگ، بچے اور مریض شدید مشکلات سے دوچار ہیں درجہ حرارت 49 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ چکا ہے اس شدید گرمی میں لوگ گرین بسوں کے انتظار میں کھلے آسمان کے کھڑے رہنے پر مجبور ہیں کئی مقامات پر مسافروں کے بیٹھنے کے لیے بینچ تک موجود نہیں شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ گرین بس سروس کے تمام اسٹاپس پر فوری طور پر تمام سہولیات فراہم کی جائیں۔


MASHRIQ QUETTA


## عیدالاضحیٰ کے بعد کوئٹہ میں صفائی کی صورتحال ابتر

**جا بہ جا کچرا اور قربانی کے جانوروں کی آلائشیں پڑی ہیں**

**اکثر نواحی علاقوں میں صفائی کا کوئی بندوبست نہیں کیا گیا**

کوئٹہ (این این آئی) عیدالاضحیٰ کے تیسرے دن کوئٹہ میں اکثر مقامات پر صفائی کی صورتحال ابتر ہے، جہاں کچرا اور قربانی کے جانوروں کی آلائشیں پڑی ہیں جبکہ بعض مقامات پر صفائی کی صورتحال بہتر ہے۔ عیدالاضحیٰ کے تیسرے دن شہر کے مختلف مقامات پر صفائی کی صورتحال خراب ہے، شہر کے، زیادہ تر نواحی علاقوں میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر اور کوڑا کرکٹ بکھرا پڑا نظر آتا ہے، بعض مقامات پر کچرے ساتھ ساتھ قربانی کے جانوروں کی باقیات اور آلائشیں بھی پڑی ہوئی ہیں گندگی اور تعفن کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، دوسری جانب شہر کے بعض مقامات پر صفائی کی صورتحال بہتر ہے، جہاں صفائی کا عملہ موجود ہے اور کچرا اٹھانے کا عمل جاری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 30 MAY 2026

Page No. 17

## چیلنجز و حکومتی ترجیحات۔ عوامی ریلیف اور بہتر مستقبل کی امید

وفاقی حکومت نے گزشتہ روز پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بائیس روپے کمی کا فیصلہ کیا ہے جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف دینا اکی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے سخت ترین حالات میں بھی عوام کے لئے ریلیف کا سلسلہ جاری رکھا ملک اس وقت جن معاشی، سماجی اور معاشرتی چیلنجز سے گزر رہا ہے، ان میں مہنگائی سب سے بڑا مسئلہ بن چکی ہے۔ عام آدمی کی زندگی روز بروز دشوار ہوتی جارہی ہے۔ اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس، ادویات، ٹرانسپورٹ اور روزمرہ استعمال کی دیگر ضروری چیزوں کی قیمتوں میں اضافے نے متوسط اور غریب طبقے کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کیا ہے۔ ایسے حالات میں اگر حکومت عوام کو کسی بھی شکل میں ریلیف فراہم کرتی ہے تو یقیناً یہ اقدام خوش آئند اور قابل تحسین سمجھا جاتا ہے۔ حالیہ دنوں وفاقی حکومت کی جانب سے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بائیس، بائیس روپے فی لیٹر کمی کا اعلان اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جسے عوامی سطح پر مثبت انداز میں دیکھا جا رہا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوامی ریلیف حکومت کی اولین ترجیح ہے بلاشبہ وزیراعظم کا عزم اطمینان بخش امر ہے۔ موجودہ حالات میں قوم یہی توقع رکھتی ہے کہ حکومت صرف دعووں تک محدود نہ رہے بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عام آدمی کی مشکلات کم کرنے کی کوشش کرے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا براہ راست اثر نہ صرف ٹرانسپورٹ بلکہ روزمرہ استعمال کی بے شمار اشیاء پر بھی پڑتا ہے۔ جب ایندھن مہنگا ہوتا ہے تو ہر چیز کی قیمت بڑھ جاتی ہے اور جب اس میں کمی آتی ہے تو عوام یہ امید باندھتے ہیں کہ شاید اب ان کی مشکلات میں کچھ کمی واقع ہوگی۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان کی معیشت ایک طویل عرصے سے دباؤ کا شکار رہی ہے۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی، درآمدی اخراجات میں اضافہ اور دیگر کئی عوامل نے ملکی اقتصادی صورتحال کو متاثر کیا۔ ایسے حالات میں حکومت کی جانب سے قیمتوں میں کمی کا فیصلہ ایک مثبت پیش رفت قرار دیا جا سکتا ہے۔ خاص طور پر عید جیسے موقع پر یہ اعلان عوام کے لئے کسی خوشخبری سے کم نہیں۔ عیدالاضحیٰ کے دنوں میں ویسے بھی اخراجات بڑھ جاتے ہیں، لہٰذا ایندھن کی قیمتوں میں کمی سے ٹرانسپورٹ اور سفر کے اخراجات میں کچھ کمی آنے کی امید پیدا ہوئی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے بیان میں اس امر پر زور دیا کہ حکومت نے قوم سے جو وعدہ کیا تھا، اسے پورا کیا گیا ہے۔ سیاست اور حکمرانی میں سب سے اہم چیز اعتماد ہوتی ہے۔ عوام اسی حکومت کو پسند کرتے ہیں جو ان کے مسائل کو سمجھے اور اپنے وعدوں پر عمل کرے۔ اگر حکومت واقعی عوامی مشکلات کو کم کرنے کے لئے سنجیدہ اقدامات جاری رکھتی ہے تو یقیناً اس سے عوامی اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ حکومت نے ماضی میں بھی عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود عوام پر مکمل بوجھ منتقل کرنے کے بجائے سبسڈی دے کر کسی حد تک حالات کو متوازن رکھنے کی کوشش کی۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں صرف گاڑی چلانے والوں کا مسئلہ نہیں ہوتیں بلکہ یہ پورے معاشی نظام کو متاثر کرتی ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ محض پٹرول کی قیمتوں میں کمی ہی تمام مسائل کا حل نہیں۔ عوام کی توقعات اس سے کہیں زیادہ ہیں۔ لوگ چاہتے ہیں کہ اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں بھی کمی آئے، بجلی اور گیس کے بلوں میں ریلیف ملے، بے روزگاری کم ہو اور صحت و تعلیم جیسی بنیادی سہولیات عام آدمی کی دسترس میں ہوں۔ تاہم کسی بھی بڑے مسئلے کا حل مرحلہ وار اقدامات کے ذریعے ہی ممکن ہوتا ہے۔ اگر حکومت نے ریلیف کے سفر کا آغاز کیا ہے تو اسے تسلسل کے ساتھ جاری رہنا چاہئے تاکہ عوام حقیقی معنوں میں بہتری محسوس کر سکیں۔ حکومت کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کے لئے موثر نگرانی کا نظام قائم کیا جائے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ پٹرول سستا ہونے کے باوجود ٹرانسپورٹ کرائے کم نہیں ہوتے اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی کوئی خاص فرق دیکھنے میں نہیں آتا۔ ٹرانسپورٹرز، ذخیرہ اندوز اور ناجائز منافع خور اپنی مرضی کے نرخ وصول کرتے رہتے ہیں وقتی ریلیف اپنی جگہ اہم ہے لیکن پائیدار بہتری کے لئے صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافہ، زرعی اصلاحات اور سرمایہ کاری کے فروغ پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ جب تک ملکی معیشت مضبوط بنیادوں پر استوار نہیں ہوگی، عوامی مسائل مکمل طور پر حل نہیں ہو سکیں گے۔ وزیراعظم کی جانب سے عوامی ریلیف کو اولین ترجیح قرار دینا مستحسن ہے تاہم اس سوچ کو عملی طور پر منتقل کرنے کی ضرورت ہے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی ایک خوش آئند قدم ضرور ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ مہنگائی کے دیگر اسباب پر بھی قابو پانا ہوگا۔ ہمارے ہاں متوسط طبقہ سب سے زیادہ دباؤ کا شکار ہے۔ ایک سرکاری ملازم یا چھوٹا کاروبار کرنے والا شخص اپنی آمدنی اور اخراجات کے درمیان توازن قائم کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ بچوں کی تعلیم، علاج معالجہ، گھر کا کرایہ اور روزمرہ ضروریات پوری کرنا ایک بڑا مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ ایسے حالات میں حکومت اگر عوامی ریلیف کے اقدامات کو وسعت دے تو اس سے لاکھوں خاندانوں کو سہارا مل سکتا ہے۔ خاص طور پر کم آمدنی والے طبقات کے لئے خصوصی پیکیجز، سبسڈی اور فلاحی پروگرام وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ کمی سے یہ امید بھی پیدا ہوئی ہے کہ شاید اب مہنگائی کی رفتار میں کچھ کمی آئے گی۔ تاہم اس کے لئے ضروری ہے کہ متعلقہ ادارے مارکیٹ کی نگرانی کریں اور مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے والوں کے خلاف کارروائی کریں۔ اگر پٹرول سستا ہونے کے باوجود اشیائے ضروریہ کی قیمتیں برقرار رہتی ہیں تو عوام میں مایوسی پیدا ہوگی۔ حکومت کو چاہئے کہ ضلعی انتظامیہ، پرائس کنٹرول کمیٹیوں اور متعلقہ اداروں کو فعال بنائے تاکہ عوام کو حقیقی فائدہ پہنچ سکے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے بیان میں مشکل حالات کے باوجود عوام کو ریلیف دینے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ یہ جذبہ قابل قدر ہے۔ قیادت کا اصل امتحان ہی مشکل وقت میں ہوتا ہے۔ قوم اس وقت مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ جیسے مسائل سے نبرد آزما ہے، لہٰذا حکومت کے ہر مثبت اقدام کو سراہا جانا چاہئے۔ ساتھ ہی یہ توقع بھی بجا ہے کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں مزید تیزی لائی جائے گی اگر حکومت اس سمت میں سنجیدہ اقدامات جاری رکھتی ہے تو یقیناً عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 7

Dated: 3 0 MAY 2026

Page No. 18

# Revamping Quetta

Quetta city is confronted with a flawed sewerage system, water shortage, dismal law and order situation, and the most dominant is traffic mess. Congestion of traffic has pulled the citizens into a state of great bewilderment. Roads and the public transport system were primitively designed when the city was home to a limited population. Since then, not enough improvements have been made, and the current population is over three million. For public travelling, the old uncomfortable buses are not preferred, owing to many other reasons.

Consequently, the number of autorickshaws along with private means of transport has tremendously increased. Indeed, these narrow roads cannot absorb such massive traffic, which will result in hours lasting jams as already faced. The traffic issue is a matter of the entire city. However, Sariab Road, Sabzal Road, Jinnah Road, Sirki Road, Jail Road, and Double Road are the pathways where people fear to drive, thinking they could be stuck in a messy traffic jam.

Everywhere, long rows of vehicles are tiring, and travellers are waiting for a smooth movement. Regrettably, ambulances and other emergency vehicles are held in a rush for a long time. As a result, ambulances cannot reach the hospital during an emergency to hospitalize critical patients. Narrow roads and lack of standard public transport system are to be blamed for the subject matter. In the same way, violation of traffic rules also contributes to enlarging the tensions. The present and former governments had announced to initiate green bus service in Quetta but regrettably so far the project seems far from implementation despite that buses have been purchased which are parked in open sky.

The government has, also started expansion of main roads of Quetta city including that of Sabzal Road, Sariab Road and Sirki Road but regrettably the pace of work is miserably slow and it seems it would take more years to be completed. The slow pace of construction on Sariab Road, Sirki Road and Sabzal Road has become a torment for motorists and residents of nearby areas.

It is essential that the government and authorities concerned must expedite the pace of work on road expansion projects of Quetta city and provide relief to the citizens. Likewise, the government should also initiate more green bus service and disband old local buses which are no longer viable for transportation. The government must repair the traffic signals and take stern action against violators of traffic laws. The authorities should also take action against illegal rickshaws and vehicles plying in Quetta.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 7

Dated 30 MAY 2026

Page No. 18

## اداس بلوچستان



tauceeph@gmail.com

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 7

Dated: 30 MAY 2026

Page No. 20

## عیدالاضحیٰ صفائی مہم، وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر مؤثر عملدرآمد کی کامیاب مثال

تحریر، شیخ عبدالرزاق

عیدالاضحیٰ مسلمانوں کے لیے قربانی، ایثار اور اجتماعی خوشیوں کا تہوار ہے۔ تاہم ماضی میں یہ مذہبی تہوار صفائی اور شہری نظم و نسق کے حوالے سے کئی مشکلات بھی پیدا کرتا رہا ہے۔ خصوصاً صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف شہروں میں عید کے بعد جگہ جگہ آلائشیں، گندگی، تعفن اور کچرے کے ڈھیر معمول کا منظر بن جاتے تھے۔ یہ صورتحال نہ صرف شہریوں کے لیے مشکلات کا باعث بنتی تھی بلکہ صحتِ عامہ اور ماحولیات کے لیے بھی خطرات پیدا کرتی تھی۔ تاہم رواں سال عیدالاضحیٰ کے دوران بلوچستان بھر میں صفائی مہم کے مؤثر انتظامات نے ایک واضح اور خوش آئند تبدیلی کا احساس دلایا ہے یہ بہتری دراصل وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات اور مؤثر نگرانی کا نتیجہ ہے۔ عیدالاضحیٰ سے قبل وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے متعلقہ محکموں، ضلعی انتظامیہ اور بلدیاتی اداروں کو واضح ہدایات جاری کی تھیں کہ عید کے دوران صفائی کے انتظامات میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے اس امر پر زور دیا تھا کہ عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور عید کے ایام میں شہریوں کو ماضی کی طرح مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے وزیراعلیٰ کی انہی ہدایات کی روشنی میں کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں صفائی مہم کو منظم انداز میں چلایا گیا۔ شہری علاقوں، گلی محلوں، بازاروں اور رہائشی آبادیوں میں آلائشوں کو بروقت اٹھانے اور ٹھکانے لگانے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئیں جبکہ صفائی عملہ عید کے تینوں دن متحرک رہا۔ یہی وجہ ہے کہ اس مرتبہ ماضی کی نسبت کہیں کم مقامات پر گندگی اور آلائشیں دیکھنے میں آئیں اور مجموعی طور پر شہری ماحول بہتر محسوس ہوا اس کامیاب صفائی مہم کا سہرا ضلعی انتظامیہ، میونسپل اداروں، کوئٹہ میں صفا کوئٹہ کی ٹیم صفائی عملے اور متعلقہ حکام کے سر جاتا ہے جنہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے دن رات محنت کی۔ صفائی کے کارکن شدید گرمی اور مشکل حالات کے باوجود فیلڈ میں موجود رہے اور شہری علاقوں کو صاف رکھنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ یہ طبقہ درحقیقت شہری نظام کا خاموش مگر اہم ستون ہے جس کی خدمات قابلِ ستائش ہیں اس مرتبہ عوامی تعاون بھی ماضی کے مقابلے میں زیادہ بہتر دیکھنے میں آیا۔ شہریوں کی ایک بڑی تعداد نے آلائشیں مقررہ مقامات پر رکھیں، صفائی عملے کے ساتھ تعاون کیا اور صفائی کے حوالے سے ذمہ دارانہ رویے کا مظاہرہ کیا۔ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ جب حکومت سنجیدگی سے اقدامات کرے تو عوام بھی مثبت انداز میں اس کا ساتھ دیتے ہیں بلوچستان کو محدود وسائل، بڑھتی ہوئی آبادی اور شہری انفراسٹرکچر کے مسائل جیسے چیلنجز کا سامنا ضرور ہے، لیکن عیدالاضحیٰ کے دوران بہتر صفائی انتظامات نے یہ ثابت کیا ہے کہ مؤثر قیادت، واضح حکمتِ عملی اور مسلسل نگرانی کے ذریعے مثبت نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے قبل از وقت ہدایات اور متعلقہ اداروں کی فعالیت نے اس مرتبہ شہریوں کو ایک بہتر ماحول فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کیا اب ضرورت اس امر کی ہے کہ عیدالاضحیٰ کے دوران اپنائے گئے مؤثر نظام کو صرف ایک وقتی انتظام نہ سمجھا جائے بلکہ اسے مستقل بنیادوں پر شہری صفائی اور ویسٹ مینجمنٹ کے نظام کا حصہ بنایا جائے۔ صاف، منظم اور صحت مند شہر کسی بھی مہذب معاشرے کی پہچان ہوتے ہیں اور بلوچستان میں اس مثبت پیش رفت کو اسی تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے رواں سال عیدالاضحیٰ کے دوران بلوچستان میں صفائی کی بہتر صورتحال اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر قیادت سنجیدہ ہو، ادارے متحرک ہوں اور عوام تعاون کریں تو شہری مسائل پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ امید کی جانی چاہیے کہ یہ مثبت روایت آئندہ بھی برقرار رہے گی اور بلوچستان کے عوام کو مستقبل میں مزید بہتر شہری سہولیات میسر آئیں گی۔

